Before you Sign

دھوکہ دہی

اس سے قبل کے آپ دستخط کریں، صوتی نشریات میں خوش آمدید۔ یہ صوتی نشریات اس لئے بنائی گئی ہیں تا کہ اس بارے میں آپ کی معلومات بہتر بنا سکیں کہ اونٹاریو کے صوبے میں آپ کے قانونی حقوق کیا ہیں۔ اگر آپ کو صحیح طور پر علم ہو کہ آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہیں تو آپ اپنے لئے چناؤ کر سکتے ہیں جو کہ کینیڈا میں آپ کی زندگی پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔ یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ صوتی نشریات آپ کی صورت حال سے متعلق قانونی مشورہ کی حیثیت نہیں رکھتی، یہ محض عام قانونی مسائل سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا ذریہ ہیں جو آپ کی صورتِ حال پر لاگو ہو تے ہیں۔

آج ہم اونٹاریو میں دھوکہ دہی کے بارے میں بات کریں گے۔ دھوکہ دہی یہ ہے کہ جب کوئی جان بوجھ کر ایسا کام کرے جس کا اسے علم ہو کہ یہ غلط یا مجرمانہ فعل ہے۔ مجرم شخص کسی دوسرے شخص کو فریب دے کر کچھ ایسا کام کرواتا ہے کہ جس کے نتیجے میں اس مجرم شخص کو کسی طرح مالی یا ذاتی طور پر کوئی فائدہ پہنچتا ہے۔ بہت سے مختلف طریقوں سے ایسا ممکن ہے۔ اس صوتی نشریات میں آج ہم جس بارے میں بات کریں گے وہ ہے ذاتی شناخت کی چوری اور اگر آپ اس کا نشانہ بن چکے ہیں تو اس صورت میں کیا کرنا چاہئے۔

کسی بھی دوسرے شخص ، گروہ کا آپ کی اجازت کے بغیر آپ کی ذاتی معلومات کا استعمال شناخت کی چوری تصور کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ مجرم آپ کی ذاتی معلومات جیسے نام، تاریخ پیدائش، گھر کا پتہ، سوشل انشورنس نمبر، پاسپورٹ، بینک کی معلومات یا مزید ذاتی معلومات جمع کر کے کسی مجرمانہ فعل کے لئے اس کا استعمال کرتا ہے۔ ایک شخص یا چند لوگ مل کر جھوٹ موٹ یہ ظاہر کرتے ہوئے کہ وہ دراصل آپ ہی ہیں آپ کی ذاتی معلومات کا استعمال کر کے آپ کے نام پر بینک اکاؤنٹ کھلوانا، قرض یا رہن کے لئے درخواست دینا، جی ایس ٹی/ایچ ایس ٹی کی کٹوتی یا واپس ادائیگی کاحصول، آپ کے منافع یا کریڈٹ رقم کی وصولی یا انکم ٹیکس کی طرف سے واپس کی ہوئی رقم حاصل کرنا اور اسی قسم کے کئی دوسرے فائدے حاصل کر سکتے ہیں۔

ان بد دیانت لوگوں کے پاس آپ کی معلومات تک رسائی کے لئے بہت سے طریقے ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر، وہ آپ کا پرس یا بٹوہ چوری کر سکتے ہیں۔ اسی لئے آپ کو سوچنا چاہئے کہ روز مرّہ امور کے لئے باہر جاتے ہوئے اپنے پاس بہت محدود شناخت کے کاغذات جیسا کہ صرف ایک ڈرائیونگ لائسنس ہی ساتھ رکھنا چاہئے۔ اشیاء جیسا کہ آپ کا پاسپورٹ کسی محفوظ جگہ پر تالے میں بند کر کے رکھا ہونے چاہئے جسے صرف ضرورت کے وقت ہی باہر نکالا جائے۔ یہ اشیاء کوڑا کرکٹ کے ذریعے بھی باہر پہنچ سکتی ہیں اگر آپ اس بارے میں محتاط رویہ نہ اپنائیں اور اپنی کوئی بھی غیر ضروری بینک اسٹیٹمنٹ، کریڈٹ کارڈ یا مالی سرمایہ کاری کے کاغذات سے نجات حاصل کرنے کے لئے کچرے کے ساتھ باہر پھینک دیں، کوئی بھی شخص آپ کی یہ قیمتی معلومات حاصل کر سکتا ہے ۔ اگر آپ اے ٹی ایم مشین سے پیسے نکالتے ہوئے احتیاط نہیں کرتے تو کوئی بھی شخص آپ کے کندھے کے اوپر سے جھانک کر آپ کا بینک اکاؤنٹ کا پِن نمبر دیکھ سکتا ہے۔ آپ کو ہمیشہ بینک میں یا کوئی خریداری کرتے ہوئے پن لکھنا ہو تو مشین کی اسکرین کو ضرور اپنے جسم اور ہاتھ سے ڈھانپ لینا چاہئے۔ ذخیرہ شدہ معلومات کی چوری وہ ہے جب کوئی کمپیوٹر یا اس کے نیٹ ورک کے ذریعے آپ کی معلومات تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ ایسا کہیں بھی ہو سکتا ہے آپ کے ذاتی کمپیوٹر یا کام کی جگہ پر استعمال ہونے والے کمپیوٹر پر یا ایسے بزنس ادارے کے کمپیوٹر نیٹ ورک کے ذریعے جن سے آپ معاملات طے کرتے ہیں۔ فریب یا دھوکہ دہی کی ایک بہت ہی عام قسم phishing کہلاتی ہے جسے ان حروف کے ساتھ لکھا جاتا ہے P-H-I-S-H-I-N-G۔ یہ لفظ phishing ایسے دھوکہ یا فریب کے بارے میں استعمال ہوتا ہے جب ای میل یا فون کال کا استعمال کر تے ہوئے اپنے آپ کو اصل کمپنیاں ظاہر کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تا کہ آپ بآسانی اپنی ذاتی معلومات ان کے ساتھ بانٹ لیں۔ ہو سکتا ہے وہ آپ کو کوئی ای میل پیغام بھیجیں یا

Before you Sign

فون کال کریں اور دعویٰ کریں یا ظاہر کریں کہ وہ ایسے ادارے سے آپ سے رابطہ کر رہے ہیں جو آپ کو حقیقی لگے جیسا کہ مالی ادارے یا حکومتی ایجنسی جیسا کہ امیگریشن ،رفیوجی ،سٹیزنشپ کینیڈا یا کینیڈا ریوینیو ایجنسی۔ ایسی ای میل یا فون کال میں مثال کے طور پر ایسے کہا جاتا ہے کہ اگر آپ فوری طور پر جواب میں اپنی ذاتی معلومات نہیں دیں گے تو آپ کے بینک اکاؤنٹ کے تحفظ میں مسئلہ ہو جائے گا یا IRCCمیں آپ کا امیگریشن اسٹیٹس خطرے میں پڑ جائے گا ۔ یہ جاننا بہت اہم ہے کہ کوئی بھی حقیقی ادارہ کبھی بھی فون کال یا ای میل کے ذریعے آپ کی ذاتی معلومات کا مطالبہ نہیں کرے گا۔ اگر آپ کو ایسی ای میل وصول ہو جس کے بارے میں آپ پُر اعتماد نہ ہوں تو اس کا جواب نہ دیں۔ اس کے بجائے ای میل میں جس ادارے کا نام درج ہے اس بزنس یا ایجنسی کی اصل جگہ تلاش کریں جہاں یہ واقع ہے۔ ای میل میں دیا گیا پتہ یا فون نمبر ہرگز استعمال نہ کریں۔ حقیقی ادارہ تلاش کرنے کے بعد فون کر کے یا بذاتِ خود وہاں جا کر ان سے اس ای میل کے بارے میں بات کریں اور اس بارے میں وضاحت حاصل کریں جو اس ادارے کی طرف سے آپ کو ای میل میں موصول ہوا ہے۔ وہی آپ کو یقینی بتائیں گے کہ کیا واقعی کوئی اصل مسئلہ ہے جسے حل کرنے کی ضرورت ہے۔

اگرآپ کی بہترین کوشش کے باوجود آپ شناخت کی چوری کا نشانہ بن گئے ہیں اور جونہی آپ اس بات سے باخبر ہوتے ہیں تو چند ضروری اقدامات ہیں جو آپ کو جلد سے جلد لینے ہوں گے ۔ آپ کا پہلا قدم یہ ہے کہ اپنی لوکل پولیس کو کال کریں۔ وہ آپ کو پولیس رپورٹ نمبر دیں گے۔ اس کے بعد آپ اپنے بینک اور کریڈٹ کارڈ کمپنی کو ہونے والے واقع سے آگاہ کریں۔ یہ آپ کی شناخت کے استعمال پر منحصر ہے کہ اس کا اثر آپ کی کریڈٹ ریٹنگ پر بھی ہوتا ہے۔ اس لئے آپ کو کینیڈا کی دو بڑی کریڈٹ رپورٹ ایجنسیز ایکوئیفیکس **1-800-465-7166** اور ٹرانس یونین **1-800-663-9980** کو دیئے گئے نمبروں پر کال کر کے ان سے اپنی فائل پر فراڈ الرٹ لگوا لیں۔رائل کینیڈین ماونٹڈ پولیس کی جانب سے فون بسٹر نیشنل کال سینٹر چلائے جاتے ہیں جو دھوکہ دہی پر مائل کا پیچھا کرتے اور دھوکہ دہی کے شکار لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔ آپ مزید مدد کے لئے اُن سے اس نمبر **1-888-495-8501** پر رابطہ کرسکتے ہیں۔اگر آپ کو یہ شبہ ہے کہ آپ شناخت کے چوروں کا نشانہ بن گئے ہیں، تو بیشتر اہم رابطے ہیں جنہیں آپ چیک کر سکتے ہیں۔کبھی ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ شناخت چرُانے والے کینیڈا پوسٹ جا کر آپ کے نئے پتہ کا اطلاع نامہ جمع کروا کے آپ کی ڈاک حاصل کر سکتے ہیں، لہذا آپ اُنہیں اس نمبر 1-866-607-6301 پر کال کرکے یقین کریں کہ کچھ بھی تبدیل نہیں کیا گیا ہے۔ پاسپورٹ کینیڈا کو اس نمبر 1-800-567-6868 پر رسائی کی جاسکتی ہے۔ اُن سےیہ جاننا اور یقین کرنا بھی ضروری ہے کہ جرائم پیشہ لوگوں نے آپ کے نام پر کوئی نیا پاسپورٹ تو نہیں بنوا لیا ہے۔ آخر کار آپ اس نمبر 1-800-622-6232 پر کال کریں تاکہ یہ معلوم کر سکیں کہ اگر ضروری ہو تو کیسے اور کہاں اپنے شناخت کارڈز جیسے کہ ہیلتھ کارڈ، ڈرائیور لائسنس یا سوشل انشورنس نمبر دوبارہ بنوائے جاسکتے ہیں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ اس صوتی نشریات کو آپ نے شناخت کی چوری کیا ہے، اپنے آپ کو کس طرح اس سے بچانا ہے اور اس کا نشانہ بننے کی صورت میں کیا کیا جائے ، سے متعلق کچھ بنیادی قانونی معلومات فراہم کرنے میں عمدہ ذریعہ پایا ہوگا ۔

اگر اس موضوع سے متعلق ابھی بھی آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے تو برائے مہربانی آپ اُس خدمت کے دفتر یا ادارے سے رابطہ کریں جس نے آپ کو اس صوتی نشریات کے بارے میں بتایا تھا۔ اگر آپ کی رسائی کمپیوٹر تک ہے تو آپ stepstojustice.ca یا settlement.org پر جا کر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پہلے سے معلوم ہے کہ آپ کو قانونی مشورہ ، مدد یا نمائندگی کی ضرورت ہے تو برائے مہربانی لیگل ایڈ اونٹاریو سے پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے (مشرق معیاری وقت) تک اس نمبر 1-800-668-8258 پر رابطہ کر کے دنیا بھر کی 300 سے زائد زبانوں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ صوتی نشریات لا فاونڈیشن آف اونٹاریو (Law Foundation of Ontario) کے مالی تعاون سے پیش کی جا رہی ہیں اور وائی ڈبلیو سی اے تھامس- ایلجن (YWCA St. Thomas-Elgin) اس کے تمام مواد کی مکمل طور پر ذمہ دار ہے۔